# پہلی بار جب آپ Aula میں لاگ ان کریں

Forældre (والدین)

**معلومات**

Aula تک رسائی کے لیے آپ کو اپنا UNI لاگ ان استعمال کرنے کی ضرورت ہوگی۔ اگر آپ کو Aula کے ان حصوں کو دیکھنے کی ضرورت ہو جس میں حساس ذاتی معلومات ہو، تو آپ کو NemID استعمال کرنی ہوگی، یا آپ اپنا موبائل فون اور ایک خود منتخبہ PIN یا فنگر پرنٹ استعمال کرسکتے ہیں، جس کے استعمال سے آپ اپنی e-Boks یا موبائل پے کی وجہ سے واقف ہیں۔ پہلی بار جب آپ Aula میں لاگ ان کریں، تو آپ کو NemID کا استعمال کرنا ہوگا اور آپ کو بہت سے انتخابات کرنے ہوں گے، تاکہ Aula آپ کی ضروریات یا ترجیحات کے مطابق سیٹ اپ ہو جائے۔

1. آپ Aula میں www.aula.dk کے ذریعے یا اپنے موبائل یا ٹیبلیٹ میں ایک ایپ کے ذریعے لاگ ان کرتے ہیں جسے آپ ایپ اسٹور یا گوگل پلے سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔
منتخب کریں کہ آپ بطور "Forældre" (والدین) لاگ ان کرنا چاہتے ہیں۔

2. اپنی UNI لاگ ان تفصیلات کے ذریعے سائن ان کریں۔ اپنا صارف نام اور پاس ورڈ درج کریں

3. پہلی بار جب آپ لاگ ان کرتے ہیں، تو آپ NemID سے بھی لاگ ان کر سکتے ہیں۔ مستقبل میں، اگر آپ ذاتی معلومات پر مشتمل پیغامات Aula کو بھیجنا یا اس سے موصول کرنا چاہتے ہیں، تو Aula آپ کو خودکار طور پر NemID سے لاگ ان کرنے کو کہے گا۔

4. اس سے پہلے کہ آپ Aula میں لاگ ان کر سکیں آپ کے لیے لازمی ہے کہ Aula کی رازداری پالیسی کو پڑھیں اور قبول کریں۔ ✓ کلک کریں 'Jeg har læst og accepteret betingelserne for brug af Aula' ('میں نے Aula کے استعمال کی شرائط پڑھ لی ہیں اور اسے قبول کرتا/کرتی ہوں)

5. پھر اپنی رابطہ معلومات اپڈیٹ کریں۔
اس کے بعد، کلک کریں **Næste** (اگلا)

6. اب آپ کو رضامندی کے بارے میں فیصلہ کرنا ہوگا۔ اس کا تعلق، مثال کے طور پر، اس سے ہوگا کہ آیا آپ کے بچے کی تصویریں Aula پر دکھائی دیں گی۔ اگر آپ کا بچہ 16 سال سے کم عمر ہے، تو اپنی اور اپنے بچے دونوں کی رضامندی فراہم کریں۔ آپ ان میں سے منتخب کرتے ہوئے رضامندی فراہم کرتے ہیں 'Alle'('سبھی') 'Ja'('ہاں') یا 'Nej'('نہیں')۔ برائے مہربانی یاد رکھیں کہ آپ مختلف سطحوں پر رضامندی فراہم کر سکتے ہیں۔ میڈیا بشمول فوٹوز کے لیے، آپ یہ منتخب کر سکتے ہیں کہ ان کا اشتراک بچے کی کلاس یا کمرے، سال اور ما بعد اسکول مرکز یا پورے ادارے سے کرنا چاہتے ہیں جس کا ایک حصہ آپ کا بچہ ہے۔ پھر کلک کریں **Næste** (اگلا)

7. اس آخری مرحلہ میں آپ ڈیٹا ریکارڈ پُر کریں گے۔ ڈیٹا ریکارڈ اضافی ماسٹر ڈیٹا اور اجازتوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ڈیٹا کارڈ میں دی گئی معلومات ذاتی ہے اور کسی بھی وقت تبدیل کی جا سکتی ہے۔ پھر کلک کریں **Næste** (اگلا) ۔ اب آپ Aula میں لاگ ان ہو چکے ہیں۔